Department for Education

گائیڈنس

# خزان کے ٹرم کے لئے، ارلی ائیرز پروائڈرز، سکولوں او کالجوں کے کھلنے پر والدین کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

1 ستمبر 2020 کو اپڈیٹ شدہ

یہ گائیڈنس ان بچوں کے والدین اور کیئررز کے لئے ہے جو درج ذیل میں ہوں:

- ☐ رجسٹرڈ نرسریز اور چائلڈمائنڈرز[1]
- ☐ پرائمری اور سیکنڈری سکولز[2]
- ☐ فردر ایجوکیشن کالجز[3]

ہم نے اس گائیڈنس کو مندرجہ ذیل شامل کرنے کے لئے اپڈیٹ کی ہے:

- ☐ سکول میں داخلوں پر نئی معلومات
- ☐ نرسری، چائلڈمائنڈرز، سکول اور کالج سے آنے جانے پر اپڈیٹڈ معلومات
- ☐ تعلیم، صحت اور کیئر (EHC) پلانز، بہبود او آنلائن سیفٹی پر اپڈیٹڈ معلومات
- ☐ اسیسمنٹ اور امتحانات کے بارے میں اپڈیٹڈ معلومات
- ☐ فیس کوورنگز (یعنی چہرہ ڈھانپنے والے ماسک) پر اپڈیٹڈ معلومات

## نرسری، چائلڈ مائنڈرز، سکول اور کالجوں کو واپسی

آٹم ٹرم کے شروع سے تمام ائیر گروپس کے تمام بچے/بچیاں اور لڑکے لڑکیاں، فُل ٹائم سکول اور کالج واپس جانا شروع کریں گے۔

نرسریز اور چائلڈمائنڈرز جانے والے بچے 1 جون سے جانے کے قابل ہوئے تھے۔ نرسریز بچوں کی نارمل تعداد کے ساتھ، 20 جولائی سے دوبارہ شروع ہونے کے قابل ہوئی تھیں۔

مارچ میں جب سے سکولوں اور کالجوں کی اکثریت نے زیادہ تر طالب علموں کے داخلے کو محدود کردیا تھا تو تب سے کورونا وائرس (کووڈ-19) کا پھیلاؤ کم ہو گیا ہے۔ NHS کے ٹیسٹ اینڈ ٹریس سسٹم نے کام شروع کردیا ہے اور ہمیں محفوظ ماحول بنانے کے لئے ضروری اقدامات کے بارے میں زیادہ آگاہی مل گئی ہے۔

سائنسی شواہد بتاتے ہیں کہ کروناوائرس (COVID-19) سے بڑوں کے مقابلے میں بچوں کے شدید طور پر بیمار پڑنے ہونے کا خطرہ بہت کم ہے۔ ایسے کوئی شواہد موجود نہیں ہیں

---

[1] نرسری اور چائلڈمائنڈر یا نرسریز اور چائلڈمائنڈرز کا مطلب رجسٹرڈ نرسریاں، رجسٹرڈ چائلڈمائنڈرز، پری سکولز، پلے گروپس اور مینٹینڈ (لوکل اتھارٹی کے زیر انتظام) نرسری سکولز ہیں

[2] پرائمری اور سیکنڈری سکولز میں خودمختار سکولز، مینٹینڈ سکولز، اکیڈمیز (وزارت تعلیم کے زیر انتظام سکولز)، فری سکولز، اینفنٹ (چھوٹے بچوں کے) سکولز، جونئیر سکولز اور مڈل سکولز شامل ہیں

[3] کالجز کا مطلب سیکستھ فارم کالجز، جنرل فردر ایجوکیشن کالجز، خودمختار تربیت فراہم کنندگان، ڈیزیگنیٹڈ مختص کردہ) ادارے، ایڈلٹ (بالغان) کمیونٹی لرننگ پرووائڈرز اور سپیشل پوسٹ-16 انسٹی ٹیوشنز یعنی 16 سال کے عمر سے زائد والے مخصوص ادارے

کہ بچے بڑوں سے کوئی زیادہ اس بیماری کو پھیلاتے ہیں۔ تاہم، جب تک کمیونٹی میں کرونا وائرس (COVID-19) رہتا ہے، تب تک خطرہ برقرار رہے گا۔

خطرات سے نمٹنے کے لئے، نئے ٹرم میں چیزیں کچھ مختلف ہوں گی۔ ہم نے نرسریز، چائلڈمائنڈرز، سکول اور کالجز کو خطرات کم کرنے کے لئے کچھ حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کا کہا ہے۔

آپ کے بچے کی نرسری، چائلدمائنڈر، سکول اور کالج، لائی گئی تبدیلیوں کے بارے میں آپ کو مزید معلومات مہیا کرسکیں گے۔

# حاضری

## نرسریز اور چائلڈمائنڈرز میں حاضری

چاہے آپ کا بچہ نرسری جاتا ہو یا چائلدمائنڈر یا کسی اور ارلی ائیرز پروائڈر کے پاس جاتا ہو، فیصلہ آپ کا ہے، لیکن ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کے لئے داخلہ لے لیں۔ چائلدکیئر میں جانے سے بچوں کو روٹین مہیا کرنے میں مدد ملتی ہے، جیسے جیسے چھوٹے بچے اپنی سوشل سکلز (میل جول کی صلاحیتیں) پروان چڑھاتے جاتے ہیں۔

آپ چائلڈ کیئر چوائسز کی ویب سائٹ پر چیک کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کا بچہ مفت چائلڈ کیئر کی کسی انٹائٹلمنٹ کا اہل ہے۔ اس کی قدر 2 سال تک کی عمر کے بچوں کے والدین کے لئے اوسطاً 2500 پاوَنڈ سالانہ ہوتی ہے اور 3 سے 4 سال کی عمر والے بچوں کے والدین کے لئے 5000 پاوَنڈ تک ہوتی ہے۔

## سکول اور کالج میں حاضری

یہ بہت اہم ہے کہ بچے اور ینگ پیپل اپنی تعلیمی پیشرفت، فلاح و بہبود اور اپنی عمومی نشوونما کے لئے سکول اور کالج واپس جائیں۔ نئے تعلیمی سال کے آغاز سے حاضری لازمی ہے۔ جس کا مطلب یہ کہ بطور والد/والدہ کے یہ آپ کی قانونی ذمہ داری ہے کہ آپ اپنے بچے (اگر اس کی عمر لازمی تعلیم کی ہے) کو باقاعدگی سے سکول بھیجیں۔

پوسٹ-16 کے لئے ایسی کوئی قانونی ذمہ داری نہیں ہے لیکن اگر کوئی ینگ پرسن سکول نہیں جاتا، تو شاید ان کا کالج یہ سمجھے کہ انہوں نے کورس چھوڑ دیا ہے۔

لوکل اتھارٹیز اور سکولوں کے پاس مختلف قسم کے حاضری لاگو کرنے کے قانونی اختیارات ہیں، اگر کوئی بچہ یا ینگ پرسن بغیر کسی معقول وجہ کے سکول نہ جائے۔

اگر بچوں اور ینگ پیپل ہر لاک ڈاوَن انتہائی مشکل گزرا ہو، تو شاید ان کا سکول یا کالج ان کو مرحلہ وار واپسی کا مشورہ دے۔ یہ تب ہی ہوگا اگر یہ آپ کے بچے کی ضروریات کے ساتھ مطابقت رکھے گا، اور اس پر آپ کے ساتھ پیشگی اتفاق ہوا ہو۔ آپ کے بچے کو سپورٹ دی جائے گی کہ وہ جتنا جلدی ممکن ہو فُل ٹائم حاضری پر واپس آئے۔

اگر آپ کو اس وجہ سے اپنے بچے کی سکول یا کالج میں واپسی کے بارے میں خدشات ہوں کیونکہ آپ سمجھتے ہیں کہ انہیں دیگر خطرات لاحق ہوسکتے ہیں، تو ان کے بارے میں آپ کو سکول یا کالج کے ساتھ بات کرنی چاہیئے۔ وہ آپ کو ان چیزوں کی وضاحت کر پائیں گے جن کو وہ خطرات کم کرنے کے لئے بدل رہے ہیں۔ آپ کی ان کے ساتھ اس قسم کی

بات چیت کی سپورٹ کے لئے وسائل موجود ہیں، بشمول اس لیفلٹ کے جو کافی عرصہ غیرحاضری کے بعد سکول واپسی پر ہے۔

### سیلف آئسولیشن (خودساختہ تنہائی) اور شیلڈنگ

ہوسکتا ہے کہ بچوں اور ینگ پیپل کی ایک چھوٹی سی تعداد پبلک ہیلتھ ایڈوائس کے مطابق نہ آ پائیں کیونکہ وہ:

- سیلف آئسولیشن کر رہے ہیں
- انہیں علامات ہیں یہ ان کے اہنے ٹیسٹ رزلٹس مثبت آئے ہیں
- کسی ایسے شخص کے قریبی کونٹیکٹ ہیں جنہیں کرونا وائرس (COVID-19) ہے

اگر آپ کا بچہ ان وجوہات کی بناء پر سکول یا کالج نہیں جا سکتا، تو اپنے سکول یا کالج سے پوچھیں کہ وہ دور سے پڑھائی کے لئے کون سی سپورٹ فراہم کر سکتے ہیں۔

تمام بالغان اور بچوں کے لیے شیلڈنگ کرنے کا مشورہ 1 اگست کو روک دیا گیا تھا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ بچے اور ینگ پیپل سکول واپس آسکتے ہیں اگر:

- شیلڈ کرنے والے مریضوں کی فہرست پر ہیں
- ان کے ایسے رشتہ دار ہیں جو شیلڈنگ کر رہے ہیں

موجودہ مشورے کے لئے طبی بنیادوں پر بیان کردہ انتہائی ولنریبل افراد کو شیلڈ کرنے اور تحفظ دینے پر گائیڈنس ملاحظہ کریں۔

وہ بچے یا ینگ پیپل جو کسی سپیشلسٹ ہیلتھ پروفیشنل (معالج) کے زیرعلاج ہیں، انہیں شاید سکول یا کالج جانے سے پہلے اپنی کیئر کے بارے میں اپنے ہیلتھ پروفیشنل سے بات کرنے کی ضرورت ہو۔ یہ عموماً ان کی کلینک میں اپنی اگلی پلان شدہ اپوائنٹمنٹ پر کرنا چاہیئے۔

اگر بچے اس وجہ سے سکول نہیں جا سکتے کیونکہ وہ کلینک اور/یا پبلک ہیلتھ مشورے پر عمل کر رہے ہیں، تو آپ کو جرمانہ نہیں کیا جائے گا۔

### چھٹیاں

آپ کو اپنی چھٹیاں حسب معمول سکول اور کالج کی چھٹیوں کے اندر ہی پلان کرنی چاہئیں۔ ٹرم کے دوران اپنے بچوں کو سکول سے چھٹی کے لئے اجازت لینے سے اجتناب کریں۔

یہ ذہن میں رکھیں کہ سمندرپار کی سیر سے واپس آنے کے بعد آپ اور آپ کے بچوں کو سیلف آئسلویشن کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

## نرسریز، چائلڈمائنڈرز، سکولز او کالجز کو ممکن حد تک محفوظ بنانے میں مدد دینا

ہر ایک نرسری، چائلڈ مائنڈر، سکول اور کالج اپنے آٹم ٹرم کو پلان کرنے کے حصے کے طور پر اپنی اپنی ہیلتھ اور سیفٹی (صحت اور حفاظت) کی رسک اسیسمنٹ (خطرے کی جانچ) کریں گے۔

اس کے ایک حصے کے طور پر، ہم نے نرسریز، چائلڈمائنڈرز، سکول اور کالجز کو کچھ طریقے اختیار کرنے کے بارے میں ہدایت دی ہے جو صحت کے لئے خطرات کو کم کرنے کے لئے ضروری ہیں۔

## وہ اقدامات جو نرسریز، چائلڈمائنڈرز، سکولز او کالجز اٹھائیں گے

ہم نے نرسریز، چائلڈمائنڈرز، سکول اور کالجز کو کہا ہے کہ وہ:

- ☐ پبلک ہیلتھ گائیڈنس (صحت عامہ کی ہدایات) کے مطابق سکول یا کالج میں کرونا وائرس (COVID-19) کی مصدقہ کیسوں سے نمٹیں - جس کا مطلب یہ ہے کہ شاید آپ کے بچے کی نرسری، سکول یا کالج اس سے 14 دنوں کے لئے سیلف آئسولیشن اختیار کرنے کے لئے کہے (اپنی مقامی لوکل ہیلتھ پروٹیکشن کی ٹیموں کے مشورے کی بنیاد پر) اگر وہ کسی ایسے شخص کے ساتھ نزدیکی، بالمشافہ رابطے میں آئے ہوں جس کا وائرس ٹیسٹ مثبت آیا ہو۔
- ☐ یقینی بنائیں کہ سب لوگ معمول سے زیادہ بار اپنے ہاتھ صاف کریں، بشمول اس وقت کے جب وہ پہنچ جائیں، بریکس سے واپسی پر اور کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد - یہ 20 سیکنڈ تک صابن اور بہتے ہوئے پانی یا ہینڈ سینیٹائزر کے ساتھ کرنا چاہئیے۔
- ☐ سانس کی حفظان صحت کے لئے ہوا کی صفائی کے لئے 'کیچ اٹ، بن اٹ، کل اٹ (یعنی پکڑیں، بن میں ڈالیں اور ختم کر ڈالیں) والے طریقہ کار کو پروان چڑھائیں۔
- ☐ صفائیں بڑھائیں، بشمول کثرت سے چھوئی جانے والی جگہوں کی صفائی کرنے کے

نرسریز اور چائلڈمائنڈرز بھی جہاں ممکن ہوں افراد کے درمیان کونٹیکٹ (براہ راست رابطے) کو کم سے کم کریں گے۔ جس کا مطلب مختلف عمر والے گروپوں کے لئے مختلف کمرے، اور انہیں ایک دوسرے سے الگ رکھنا ہوسکتا ہے۔

سکول اور کالج بھی کونٹیکٹ کو کم سے کم کریں گے اور جتنا ممکن ہو دوری اختیار کرنے کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ وہ خود فیصلہ کریں گے کہ کیسے اس کو بہتر طور پر کریں کیونکہ یہ ہر سکول اور کالج کے لئے مختلف ہوگا۔ اس میں بچوں اور ینگ پیپل کو یہ ہدایات دینا شامل ہوں گے:

- ☐ مختص کردہ الگ گروپس (یا ببلز) کے اندر رہیں
- ☐ افراد ایک دوسرے کے ساتھ فاصلہ برقرار رکھیں

ہم جانتے ہیں کہ چھوٹے بچے شاید فاصلہ برقرار نہ رکھ پائیں۔ یہ ممکن ہے کہ زیادہ چھوٹے بچوں کے لئے زور گروپس کو علیحدہ رکھنے پر ہوگا، اور دوسرے بچوں کے لئے یہ فاصلہ رکھنے پر ہوگا۔

## وہ اقدامات جو آپ اٹھا سکتے ہیں

اپنے بچوں کو ان کی نرسری، چائلڈ مائنڈر، سکول یا کالج نہ بھیجیں اگر:

- ☐ ان میں کرونا وائرس (COVID-19) کی علامات ظاہر ہورہی ہوں
- ☐ ان کے گھر میں کوئی علامت دکھا رہے ہوں۔

ٹیسٹ کا انتظام کریں اگر آپ یا آپ کے بچے میں علامات نمودار ہوں۔ نتائج سے اپنی نرسری، چائلڈ مائنڈر، سکول یا کالج کو آگاہ کریں۔

اگر ٹیسٹ مثبت ہو، تو کرونا وائرس (COVID-19) کی ممکنہ یا مصدقہ انفیکشن والے گھرانوں کے لئے گائیڈنس پر عمل کریں، اور NHS ٹیسٹ اور ٹریس پروسس کے ساتھ تعاون کریں۔

یہ انتہائی اہم ہے کہ آپ یہاں دئے گئے مشوروں اور وسیع تر پبلک ہیلتھ اور گائیڈنس پر عمل کرتے ہوئے نرسری، چائلڈ مائنڈرز، سکول اور کالج کی ان اقدامت کو لاگو کرنے میں مدد کریں۔

## فیس کوورنگز (یعنی چہرہ ڈھانپنے والے ماسک)

تازہ ترین شواہد اور مشورہ کچھ اس طرح سے ہے کہ 12 سال اور زیادہ عمر کے بچوں کو وہاں ماسک پہننا چاہیئے جہاں سوشل ڈیسٹنسنگ (سماجی دوری) کو بحفاظت لاگو نہیں کیا جا سکتا اور اس علاقے میں پھیلاوَ وسیع پیمانے پر ہو۔

ملک بھر میں ہم سفارش نہیں کرتے کہ عمومی طور پر نرسریز، چائلڈمائنڈرز، سکولز اور کالجز میں فیس کوورنگز (یعنی چہرہ ڈھانپنے والے ماسک) ضروری ہیں۔ یہ اس لئے ہے کیونکہ نرسریز، چائلڈمائنڈرز، سکولز اور کالجز ایسے طریقہ ہائے کار اپنا رہے ہیں جو پہلے ہی خطرات کو کم کرتے ہیں۔

ملک بھر میں، سیکنڈری سکول (یا وہ سکول جہاں طلباء ائیر 7 میں یا اوپر ہوں) اور کالجز کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنے طلباء، عملے اور دوسرے وزیٹرز سے کلاسرومز سے باہر (جیسا کہ کوریڈورز میں) چہرے کے ماسک پہننے کے لئے کہیں جہاں سوشل ڈیسٹنسنگ مشکل ہو، اگر وہ سمجھتے ہوں کہ ان کے سکول یا کالج میں یہ صحیح کام ہے۔

اگر آپ قومی انٹروینشن (جہاں حکومت ایکشن لے رہی ہو) والے علاقے میں ہیں، تو سیکنڈری سکول اور کالجز میں بالغان اور طلباء کو کمیونل ایریاز (میل جول والی جگہوں میں) چہرے کے ماسک پہننے چاہئیں۔ اگر آپ کے علاقے میں ایسا ہے، تو آپ کا سکول یا کالج آپ کو نئے انتظامات اور ماسک کی ضرورت کے بارے میں آگاہ کردے گا۔

موجودہ شواہد کی بناء پر، کلاسروم کے اندر ماسک پہننا ضروری نہیں ہوگا۔ یہ اس لئے ہے کیونکہ سکولز اور کالجز جو طریقہ ہائے کار اپنا رہے ہیں وہ کلاسروم میں کافی حد تک خطرات کو کم کر دیں گے، اور اس لئے بھی کہ ان کا سکھلائی اور پڑھائی پر منفی اثر ہوسکتا ہے۔

نرسریز، چائلڈمائنڈرز اور پرائمری سکولوں میں بچوں کو چہرے کا ماسک پہننے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ پرائمری سکولز میں جہاں کلاسرومز سے باہر والی جگہوں میں عملے اور والدین کے درمیاں سوشل ڈیسٹنسنگ برقرار رکھنا ممکن نہ ہو، جیسا کہ سٹاف رومز، تو ہیڈٹیچرز کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ عملے یا وزیٹرز کو ماسک پہننے کے لئے کہیں یا ان کے ساتھ ان حالات میں چہرے کے ماسک پہننے پر راضی ہوں۔

کالجز میں بھی طلباء کو چہرے کا ماسک پہننے کے لئے کہا جاسکتا ہے جہاں:

- سکول کا ماحول کام کا یا کام کی طرح ہو (مثال کے طور پر، ایک ریستوران جو کہ پبلک کے لئے کھلا ہو)
- یہ کام کی جگہ یا ایک ایسے ماحول میں لازمی ہے جہاں طلباء کا عام لوگوں کے ساتھ میل جول کا احتمال ہو

یہ امر لازم ہے کہ چہرے کے ماسک ٹھیک طریقے سے پہنے جائیں۔ تمام سکولوں اور کالجز کا یہ یقینی بنانے کے لئے ایک طریقہ کار ہونا چاہیئے کہ چہرے کے ماسک مناسب طریقے سے پہنے، اتاریں، رکھے اور ٹھکانے لگائیں جائیں۔ انہیں آپ کو بتانا چاہیئے کہ ان کا طریقہ کار کیا ہے۔

کچھ طلباء ماسک پہننے سے مستثنیٰ ہوسکتے ہیں۔ یہ استثنائات سکولز اور کالجز میں لاگو ہوں گی، اس لئے چہرے کو کور کرنے کی ضرورت ان بچوں اور ینگ پیپل پر لاگو نہیں ہوگی:

- جنہیں ایسی معذوری ہو جس کی وجہ سے وہ چہرے کا ماسک نہ پہن سکتے ہوں
- جو چہرے کا ماسک پہننا انتہائی تکلیف دہ پاتے ہوں
- کسی ایسے شخص کے ساتھ ہوں جو بات کرنے کے لئے لپ ریڈنگ کا سہارا لیتے ہوں (یعنی ہونٹوں کے ہلنے کو پڑھ کر سمجھتے ہوں)

# نرسری، چائلڈ مائنڈر، سکول یا کالج میں آمد اور وہاں سے رخصتی

کچھ نرسریاں، سکولز اور کالجز شاید شروع اور ختم ہونے کے اوقات کو مرحلہ وار بنائیں یا ان میں ردوبدل کریں۔ اس سے گروپس کو ایک دوسرے سے دور رکھنے میں مدد ملے گی جب وہ (تعلیمی ادارے کی) مضافات میں آئیں اور جائیں گے۔ اگر سکولز اور کالجز ایسا کرنے کا فیصلہ کر لیتے ہیں، تو اس سے ان کی پڑھائی کا وقت کم نہیں ہنا چاہیئے - بلکہ اس کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ آپ کے بچے کے شروع اور ختم کرنے کے اوقات میں تبدیلی ہوگی۔

سکولز اور کالجز، حسب ضرورت سکول ٹرانسپورٹ اور دوسرے ٹرانسپورٹ فراہم کرنے والوں کے ساتھ ہم آہنگی کے لئے کام کریں گے۔

آپ کی نرسری، چائلڈ مائنڈرز، سکول یا کالج آپ کے ساتھ کی جانے والی تبدیلیوں کی وضاحت کرنے کے لئے رابطہ کریں گے۔ اس میں بچوں کو چھوڑنے اور لے جانے کے لئے نئے طریقے بھی شامل ہوسکتے ہیں۔

## پبلک (عوامی) ٹرانسپورٹ استعمال کرنا

ہر ایک کو پبلک ٹرانسپورٹ کی مانگ کم کرنے میں اپنا حصہ ڈالنے کی ضرورت ہے۔ اگر ممکن ہو، تو آپ کو ٹرانسپورٹ کے متبادل آپشنز دیکھنا چاہیئے، خصوصاً پیدل چلنا یا سائیکل پر جانا، خصوصاً پیک ٹائمز پر۔

اس سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ پبلک ٹرانسپورٹ میں اتنی صلاحیت ہے کہ وہ لوگ اسے استعمال کرسکیں جنہیں بحفاظت سفر کرنے کے لئے اس کو استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سے آپ کے خاندان کی صحت کو بھی فائدہ ہوگا۔ ان کی طرف سے دی گئ گائیڈنس ملاحظہ کریں:

- لیونگ سٹریٹس واکنگ ٹو سکول پر
- سسٹرانز Sustrans، سکول رن میں محفوظ رہنے پر

اگر آپ اور آپ کا بچہ نرسری،چائلڈمائندر، سکول یا کالج جانے کے لئے پبلک ٹرانسپورٹ پر انحصار کرتے ہیں، تو سواریوں کے لئے محفوظ تر سفر کے لئے گائیڈنس لاگو ہوگی۔ کچھ

علاقوں میں، بچوں اور ینگ پیپل (جواں سال لڑکے لڑکیاں) کو سکول اور کالج لے جانے کے لئے، ہوسکتا ہے کہ لوکل اتھارٹیز اضافی مخصوص ٹرانسپورٹ فراہم کریں۔

بچے اور ینگ پیپل، اور ان کے والدین اور کیئررز کو نرسری،چائلڈمائنڈر، سکول یا کالج نہیں جانا چاہیئے اگر وہ یا ان کے گھرانے میں کسی کو کروناوائرس (COVID-19) کی علامات ہوں۔

## مستحق بچوں کے لئے گھر سے سکول تک مفت ٹرانسپورٹ

لوکل اتھارٹی کی مستحق بچوں کے لئے گھر سے سکول تک مفت ٹرانسپورٹ فراہم کرنے کی ذمہ داری میں تبدیلی نہیں آئے گی۔ اس کی وضاحت گھر سے سکول تک کا سفر اور ٹرانسپورٹ گائیڈنس میں کی گئی ہے۔

ہوسکتا ہے کہ آپ کی لوکل اتھارٹی (مقامی کاوَنسل) آپ کو تخصیص شدہ ٹرانسپورٹ پر سیٹ دینے کے بجائے آپ سے پرسنل ٹریول بجٹ یا مائلیج الاوَنس قبول کرنے کو کہے۔ یہ شاید اس لئے ہو تاکہ وہ یقینی بناسکیں کہ جس کسی کو بھی ضرورت ہو اسے تخصیص کردہ ٹرانسپورٹ کی سہولت حاصل ہو۔

ہم آپ سے التماس کریں گے کہ اگر ہوسکے تو وہ آفر قبول کریں۔ اس سے مستقبل میں مخصوص کردہ ٹرانسپورٹ کے لئے آپ کے بچے کی اہلیت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ لوکل اتھارٹی آپ کو یہ آفر قبول کرنے پر مجبور نہیں کرسکتی اگر آپ نہ چاہیں یا نہ کرسکیں۔

لوکل اتھارٹیز کو آپ سے یہ توقع نہیں رکھنی چاہیئے کہ آپ ایک مخصوص وقت تک کے لئے پرسنل پیمنٹ (ذاتی ادائیگی) یا مائلج الاوَنس قبول کرنے کی حامی بھریں گے، تاہم لوکل اتھارٹی کو ایک معقول وقت کا نوٹس درکار ہوگا تاکہ وہ آپ کے بچے کے لئے گھر سے سکول تک ٹرانسپورٹ بحال کرسکیں۔

## ڈیڈیکیٹڈ (مخصوص کردہ) سکول یا کالج ٹرانسپورٹ استعمال کرنا

لوکل اتھارٹیز، سکول اور ٹرانسپروٹ مہیا کرنے والوں کو ضرورت نہیں ہوگی کہ سکول اور کالج ٹرانسپورٹ کے لئے، پبلک ٹرانسپورٹ والی سوشل ڈیسٹنسنگ (سماجی دوری) والی گائیڈلائنز یکساں طور پر لاگو کریں۔ یہ اس لئے ہے کہ:

- ☐ مخصوص کردہ سکول ٹرانسپورٹ میں اکثر ایک ہی گروپ والے ینگ پیپل کو باقاعدگی سے لے جایا جاتا ہے۔
- ☐ مخصوص کردہ سکول ٹرانسپورٹ والے بچے اور ینگ پیپل (لڑکے لڑکیاں) دیگر لوگوں کے ساتھ مکس نہیں ہوتے۔

لوکل اتھارٹیز، سکولز اور پبلک ٹرانسپورٹ فراہم کنندگان ہر وہ قدم اٹھائیں گے جو کہ معقول حد تک قابل عمل ہو جس سے وہ جہاں ممکن ہو سماجی دوری کو بڑھائیں اور بیماری پھیلانے کے خطرے کو کم سے کم کریں۔ جس کو قابل عمل کہتے ہیں وہ مقامی حالات کے مطابق مختلف ہوسکتے ہیں۔ ان میں یہ چیزیں شامل ہوسکتی ہیں:

- ☐ آپ کے بچے کو اس ٹرانسپورٹ پر ایک ہی سیٹ استعمال کرنے کا کہا جانا
- ☐ یقینی بنانا کہ گاڑی پر چڑھنا اور اترنا منظم اور/یا مینجڈ ہو
- ☐ یقینی بنانا کہ گاڑیوں کو باقاعدگی سے صاف کیا جائے
- ☐ یقینی بنانا کہ ٹرانسپورٹ چلانے والے تازہ ہوا کی آمدورفت کو زیادہ سے زیادہ بڑھائیں

یہ اہم ہے کہ آپ دی جانے والی کسی بھی مقامی مشورے پر عمل کریں اور آپ کا بچہ دئے جانے والے تمام قوانین کی اہمیت جانتا اور سمجھتا ہو۔

### سکول یا کالج آتے اور جاتے ہوئے چہرے پر ماسک پہننا

11 سال سے زائد عمر والے زیادہ تر بچوں کے لئے پبلک ٹرانسپورٹ پر چہرے کا ماسک پہننا لازمی ہے۔ یہ ان بچوں اور ینگ پیپل پر لاگو نہیں ہوتا:

- جنہیں ایسی معذوری ہو جس کی وجہ سے وہ چہرے کا ماسک نہ پہن سکتے ہوں
- جو چہرے کا ماسک پہننا انتہائی تکلیف دہ پاتے ہوں
- کسی ایسے شخص کے ساتھ سفر کر رہے ہوں جو بات کرنے کے لئے لپ ریڈنگ کا سہارا لیتے ہوں (یعنی ہونٹوں کے ہلنے کو پڑھ کر سمجھتے ہوں)

ہمارا مشورہ ہے کہ وہ بچے اور ینگ پیپل بھی چہرے کا ماسک پہنیں جن کی عمر 11 سال سے زیادہ ہو اور وہ مخصوص کردہ ٹرانسپورٹ کے ذریعے سیکنڈری سکول یا کالج جاتے ہوں، ان بچوں کے علاوہ جو مستثنیٰ ہوں۔

اگر کسی بچے کو اپنے سپورٹ ببل اور گھرانے سے باہر کسی کے ساتھ گاڑی شیئر کرنی پڑے تو انہیں چاہیئے کہ:

- ہر دفعہ انہی لوگوں کے ساتھ شیئر کریں
- تازہ ہوا کے لئے شیشے نیچے رکھیں
- اور اگر ان کی عمر 11 سے زیادہ ہے تو چہرے کا ماسک پہنیں

یہ امر لازم ہے کہ چہرے کے ماسک ٹھیک طریقے سے پہنے جائیں۔ تمام سکولوں اور کالجز کا یہ یقینی بنانے کے لئے ایک طریقہ کار ہونا چاہیئے کہ چہرے کے ماسک مناسب طریقے سے پہنے، اتاریں، رکھے اور ٹھکانے لگائیں جائیں۔ انہیں آپ کو بتانا چاہیئے کہ ان کا طریقہ کار کیا ہے۔

## کریکیولم یعنی درسی نصاب

ہم نے واضح کر دیا ہے کہ جب طلباء آٹم ٹرم کے لئے سکول واپس آئیں گے تو ہم سکول سے کیا چیزیں پڑھانے کی توقع کرتے ہیں۔ سکولز تمام مضامین کے لئے ایک عالیشان اور وسیع نصاب فراہم کریں گے۔

ہو سکتا ہے کہ کچھ مضامین میں تبدیلیوں کی ضرورت پڑے، جیسے PE (جسمانی تعلیم) اور موسیقی، تاکہ سکول ان مضامین کو ممکنہ حد تک محفوظ طریقے سے پڑھا سکیں۔

ہمیں توقع ہے کہ نئے تعلیمی سال میں کالجز مکمل، اعلیٰ معیار کے تعلیمی پروگرامز پر دوبارہ واپس آ جائینگے۔

سکولز اور کالجز حسب ضرورت دور سے تعلیم مہیا کرنے کے لئے بھی پلان بنائیں گے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ کے بچے کو شیلڈنگ یا سیلف آئسولیشن کی وجہ سے گھر پر رہنے کی ضرورت ہو، تو ان کا سکول یا کالج ان پڑھائی جاری رکھنے میں سپورٹ دیں گے۔

ہم نے پہلے ہی 1 بلین پاونڈ کے کیچ اپ (جو پڑھائی رہ گئی ہو، اس کا ازالہ کرنا) پیکج کا اعلان کیا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ سکولوں کے پاس وہ ضروری وسائل ہوں جو

انہیں اپنے طلباء کے ضائع ہونے والے پڑھائی کے وقت کو پورا کرنے کے لئے چاہئیں، ان کے لئے اضافی سپورٹ کے ساتھ جنہیں ضرورت ہو۔

# اسیسمنٹ اور امتحانات

## پرائمری یا جونئیر سکولز میں اسیسمنٹس

بچوں اور ینگ پیپل کی پڑھائی کا انتہائی اہم وقت اس وجہ سے ضائع ہوگیا ہے کیونکہ سکولوں کو زیادہ تر طلباء کے لئے کرونا وائرس (COVID-19) کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے بند کرنا پڑا تھا۔ یہ بہت اہم ہے کہ ہم بچوں کی پڑھائی پر کرونا وائرس (COVID-19) کے اثر کو سمجھیں اور ان سکولوں کو سپورٹ دیں جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ اس کو سپورٹ کرنے کے لئے، ہم2020 اور 2021 کے تعلیمی سال کے لئے ارلی ائیرز فاؤنڈیشن سٹیج (EYFS) پروفائل اور موجودہ تمام بنیادی اسیسمنٹس کی واپسی پلان کر رہے ہیں، معمول کے ٹائم ٹیبل پر چلتے ہوئے۔

## جی سی ایس ایز اور اے لیولز

کرونا وائرس (COVID-19) کی وباء کی وجہ سے 2020 کی گرمیوں میں امتحانات منعقد نہیں ہوئے۔ بچوں کو کوالیفیکیشن حاصل کرنے کے قابل بنانے کے لئے، ہم نے اعلان کیا کہ جن بچوں کو A لیول، AS لیول اور GCSE کے امتحانات میں بیٹھنا تھا ان کو کیلکولیٹڈ گریڈ ملیں گے۔

### گریڈز کو کیسے نکالا جائے گا

ہر طالب علم کے لئے، سکولز اور کالجز نے ہر مضمون میں ایک سنٹر اسیسمنٹ گریڈ دیا ہے (یعنی تعلیمی مرکز کا داخلی گریڈ)۔ یہ وہ گریڈ ہے جس کے بارے میں سکول یا کالج کو یقین ہیں کہ اگر امتحانات ہوئے ہوتے تو وہ ممکنہ طور پر یہی حاصل کرتے۔ انہوں نے کافی سارے شواہد پر غور کیا ہوگا، مثال کے طور پر، غیرامتحانی اسیسمنٹ اور موک (تیاری والے امتحانات کے) رزلٹس۔

اس گریڈ کو حتمی گریڈ کیلکولیٹ کرنے (نکالنے) کے لئے Ofqual کے بنائے گئے ایک ماڈل کو استعمال کرتے ہوئے، سٹینڈرڈائزیشن کے ایک پروسس میں ڈالنا تھا۔

17 اگست کو پیر کے دن سیکرٹری آف سٹیٹ (یعنی وزیر داخلہ) نے تصدیق کی کہ اے ایس/اے لیولز اور جی سی ایس ایز کے لئے کوئی سٹینڈرڈائزیشن پروسس نہیں ہوگا۔ اور اس کے بجائے، تمام طلباء کو سکول اور کالج کی جانب سے جمع کیا گیا سنٹر اسیسمنٹ گریڈ دیا جائے گا۔ اگر سینٹر اسیسمنٹ گریڈ ان کے نکالے گئے (کیلکولیٹڈ) گریڈ سے کم ہو، تو پھر ان کا نکالا گیا گریڈ شمار کیا جائے گا۔

اگر کوئی شواہد نہ ہوں کہ پروسسنگ میں غلطی ہوئی ہے، تو یہ گریڈز حتمی ہوں گے۔

طلباء گرمیوں میں اپنے ملنے والے گریڈز کو اگلے مرحلے پر جانے کے لئے استعمال کرسکیں گے۔ ان گریڈز کی وہی حیثیت ہوگی جو کہ گذشتہ سالوں میں گریڈز کی تھی۔

### 2020 کے خزاں میں اضافی امتحانات

ہم مانتے ہیں کہ کچھ طلباء اپنے سمر گریڈز سے ناخوش ہوں گے یا شاید انہیں ایک اپنی تعلیم کے اگلے پڑاوَ پر جانے کے لئے بہتر نتیجے درکار ہوں۔ اور طلباء کی ایک قلیل تعداد ایسی بھی ہوگی جن کے لئے کافی مقدار میں شواہد موجود نہ ہوں جس کی بنیاد پر انہیں گرمیوں میں گریڈ دیا جاتا۔ یہ اہم ہے کہ یہ طلباء 2020 کے خزاں والے امتحان میں بیٹھ سکیں۔

ان طلباء کو سپورٹ دینے کے لئے ہم اضافی امتحانات لے رہے ہیں۔ AS اور A لیو امتحانات اکتوبر میں ہوں گے اور GCSE کے امتحانات نومبر میں ہوں گے۔

### آٹم 2020 کے امتحانات میں داخلے کے ڈیڈلائنز (آخری تاریخ)

وہ طلباء جو ان امتحانات میں بیٹھنا چاہیں وہ اپنے سکول یا کالج کے توسط سے، جہاں انہیں سمر والے امتحانات دینے تھے، ایسا کریں۔ ڈیڈلائنز حسب ذیل ہیں:

- A اور AS لیولز کے لئے 4 ستمبر
- GCSEs کے لئے 18 ستمبر (انگریزی اور ریاضی کے علاوہ جن کی ڈیڈلائن 4 اکتوبر ہے)

## آفسٹڈ کے اسپیکشنز (معائنہ جات)

آٹم ٹرم میں، آفسٹڈ کے انسپکٹرز نمونے کی کچھ نرسریوں، چائلڈمائنڈرز، سکولز اور کالجز جائیں گے، اس پر بات کرنے کے لئے کہ وہ سکول واپس آنے والے بچوں اور ینگ پیپل کو کیسے سپورٹ دے رہے ہیں۔ ان وزٹس میں (ان اداروں) کی درجہ بندی کا فیصلہ نہیں ہوگا۔

ارادہ یہ ہے کہ آفسٹڈ کے معمول کے اسپیکشنز جنوری 2021 میں پھر سے شروع ہوں گے۔ صحیح وقت ابھی بھی زیرغور ہے۔

## سکول میں داخلے

### داخلوں کی اپیلیں

اگر آپ نے کسی سکول میں درخواست دی ہے اور وہ آپ کے بچے کو جگہ نہیں دیتا، تو آپ کو اس فیصلے کے خلاف اپیل کا حق حاصل ہے۔

ایڈمشن اپیلز اب بالمشافہ ملاقات کے بجائے بذریعہ ٹیلفون، ویڈیو کانفرنس اور خط و کتابت کی جاسکتی ہیں۔

### سیلیکٹیو سکولز جیسے گرامر سکولز کے داخلے کے ٹیسٹس

اگر آپ ایک سیلیکٹیو یعنی اپنے طلباء چننے والے سکول میں اپنے بچے کے داخلے کے لئے درخواست دے رہے ہیں[4] ، تو ہوسکتا ہے کہ اس سال انٹری ٹیسٹ کروانے میں کچھ تبدیلیاں ہوں۔

[4] سلیکٹیو سکولز میں گرامر سکولز (جو کہ اپنے بچوں کو ان کی اعلیٰ تعلیمی قابلیت پر چنتے ہیں)، جزوی سیلیکٹیو سکول یا 'بائی لیٹرل' سکولز جو کہ اپنے طلباء کا کچھ حصہ قابلیت یا اپٹی چیوڈ (میلان) پر چنتے ہیں، وہ سکول جو 'بینڈ' کرتے ہیں یعنی وہ سب بچوں کی قابلیت کا ٹیسٹ لیتے ہیں لیکن تمام قابلیتوں والے بچے داخل کرتے ہیں (زیادہ

یہ اختیار ان کو حاصل ہے جو سلیکٹیو ٹیسٹوں کے ذمہ دار ہیں (خواہ سکول ہوں یا لوکل اتھارٹی) کہ فیصلہ کریں کہ ٹیسٹ کب کرنے ہیں۔ ہم نے انہیں انٹری ٹیسٹس کو موخر کر کے اکتوبر کے اواخر یا نومبر کے اوائل میں کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ اس بات کا امکان نہیں ہے کہ آپ کو اس تاریخ (31 اکتوبر) سے پہلے نتائج مل پائیں گے جب آپ سے ترجیحی ترتیب سے سکولز چننے کے لئے کہا جائے گا۔

اگر آپ کا بچہ انٹری ٹیسٹ میں مطلوبہ معیار پورا نہیں کر پاتا، تو آپ کو مقامی نان-سیلکٹیو (یعنی نان سیلیکٹیو) سکول کے لئے اپنی فہرست میں آخری ترجیحات استعمال کرنا چاہئیے، جہاں پر آپ سمجھتے ہیں کہ داخلہ ملنے کا قوی امکان ہے۔

اگر آپ صرف گرامر سکولز چننے کا فیصلہ کرتے ہیں، لیکن آپ کا بچہ انٹری ٹیسٹ میں مطلوبہ معیار حاصل نہیں کر پاتا، تو آپ کے بچے کو نان-سیلکٹیو سکول میں داخلہ دیا جائے گا۔ یہ آپ کے چنے ہوئے سکولز میں سے کوئی بھی نہیں ہوگا۔

اڈمشن اتھارٹی سے رابطہ کریں اگر آپ کا بچہ ٹیسٹ(س) کی پلان شدہ تاریخ پر مندرجہ ذیل کی وجہ سے نہیں جا سکتا:

- ☐ ان میں کروناوائرس (COVID-19) کی علامات ظاہر ہو رہی ہوں
- ☐ سیلف آئسولیشن کر رہے ہوں

سکول یا لوکل اتھارٹی آپ کے بچے کی قابلیت یا میلان جانچنے کے لئے متبادل انتظامات کر دے گی۔

## رویہ

نرسریز، چائلڈمائنڈرز، سکولز اور کالجز اختیار کئے جانے والے نئے قوانین یا طریقوں کی عکاسی کرنے کے لئے رویے سے متعلق اپنی پالیسی اپڈیٹ کر سکتے ہیں۔ وہ آپ کو بتائیں گے کہ یہ تبدیلیاں کیا ہیں۔

# سکول یونیفارم

سکولز اپنی یونیفارم کی پالیسی خود بناتے ہیں۔

ہم تمام سکولز کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں کہ وہ آٹم ٹرم کے لئے اپنی معمول کی یونیفارم پالیسی پر واپس آئیں۔

آپ کو کرونا وائرس (COVID-19) کی وجہ سے یونیفارمز کو مختلف طریقوں سے یا معمول سے زیادہ صاف کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

# سکول فوڈ (یعنی خوراک)

آٹم ٹرم کے آغاز سے ہی سکول اور کالج کے کچن مکمل طور پر کھلے ہوں گے۔

---

اور کم قابلیت والے بچے مساوی تعداد میں) اور وہ سکول شامل ہیں جو اپنے 10% طلباء پرفارمنگ اور ویژول آرٹس، کھیل، جدید غیرملکی زبانوں، ڈیزائن اور ٹیکنالوجی یا IT میں اپٹی چیوڈ یعنی میلان کی بنیاد پر چنتے ہیں

وہ ان تمام طلباء کو خوراک دیں گے، جنہیں چاہیئے ہوگا، بشمول معمول کے مفت سکول کے کھانے اور یونیورسل انفنٹ (چھوٹے بچوں کا) فری سکول میلز کے، ان کے لئے جو اہل ہیں۔

## آنلائن سیفٹی

زیادہ تر لوگ بشمول بچے، آن لائن زیادہ وقت گزارتے رہے ہیں، چاہے کلاسروم میں ہو یا گھر میں۔

والدین اور کیئررز کے لئے اپنے بچوں کو آن لائن نقصان سے محفوظ رکھنے کے بارے میں سپورٹ ملاحظہ کریں۔ ان میں ایسے وسائل کی نشاندہی کی گئی ہے جو کہ بچوں اور ینگ پیپل کو مختلف قسم کے آن لائن خطرات سے محفوظ رکھنے کے بارے میں مدد دیتے ہیں اور سپورٹ اور مشورے کے لئے کہاں جانا ہے۔ سپورٹ ٹو سٹے سیف آنلائن پر سیکیورٹی اور پرائیوسی سیٹنگز کے بارے میں معلومات موجود ہیں۔

## ذہنی صحت اور بہبود

نرسریز، چائلڈمائنڈرز، سکولز اور کالجز کو پتہ ہوگا کہ کچھ بچے اور ینگ پیپلز کرونا وائرس (COVID-19) کی وباء کی وجہ سے شاید کچھ احساسات سے گزر رہے ہوں جیسا کہ اینگزائٹی، سٹریس (پریشانی، اضطراب، بے چینی) یا خراب طبیعت۔

آپ اور آپ کے بچے کی ذہنی صحت میں مدد دینے کے لئے آن لائن وسائل دستیاب ہیں، جن میں شامل ہیں:

- MindEd جو کہ بچوں اور ینگ پیپل کے ذہنی صحت کے بارے میں ہیلتھ ایجوکیشن انگلینڈ کی طرف سے ایک مفت ریسورس ہے
- Rise Above جس کا قصد 10 سے 16 سال کے عمر والے بچوں میں ثابت قدمی بڑھانے اور اچھی ذہنی صحت کو سپورٹ دینا ہے
- Every Mind Matters جس میں سب کی سپورٹ کرنے کے لئے ایک آن لائن ٹول اور ای میل جرنی شامل ہے تاکہ وہ اپنی ذہنی صحت اور بہبود کی دیکھ بھال کرنے کے لئے اقدامات اٹھانے میں زیادہ پُر اعتماد ہوں
- Bereavement UK اور Childhood Bereavement Network فوتگی سہنے والے طلباء، سکولز اور عملے کو معلومات اور وسائل فراہم کرتے ہیں

برنارڈو کی، سی، ہیئر، ریسپان سروس، بچوں، ینگ پیپل اور ان کی فیملیز کو سپورٹ فراہم کرتی ہے جو موجودہ وقت میں سوشل ورکر یا کوئی اور ایجنسی سے مل رہے ہوں، اور جنہیں کروناوائرس (COVID-19) کے جذباتی اثرات سے نبردآزما ہونے میں مشکل پیش آ رہی ہو۔ آپ 'See, Hear, Respond' سروس تک خود کو ریفر کرنے والے ویب پیج کے ذریعہ یا فری فون 0800 151 7015 پر رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ بھی اہم ہے کہ اگر آپ کو کسی بچے کی حفاظت کے بارے میں خدشات ہوں تو آپ اسے رپورٹ کریں۔ NSPCC ہیلپ لائن پر رابطہ کریں۔

## تعلیم، صحت اور کیئر (EHC) پلانز

وباء کے دوران، ہمیں EHC کے اندر کچھ مخصوص سپیشل ایجوکیشن اینڈ ہیلتھ (خصوصی تعلیم اور صحت) کے کچھ کیئر قوانین کو زیادہ لچکدار بنانا پڑا۔

یہ لچک اب اختتام کو پہنچ گیا ہے، جس کا مطلب یہ ہے اگر آپ کے بچے کا EHC پلان ہے تو سکول واپسی پر ان کو مطلوبہ سپورٹ حسب معمول ملے گی۔

## سکول اور کالج ٹرپس

آٹم ٹرم سے، سکول UK کے اندر اپنے تعلیمی ڈے ٹرپس دوبارہ شروع کرسکتے ہیں۔ انہیں تازہ ترین پبلک ہیلتھ ایڈوائس اور سکول اور کالجوں کی جانب سے وسیع تر گائیڈنس ہر عمل کرنا ہوگا، ان اقدامات پر جو کہ وہ خطرات کم کرنے کے لئے اٹھا سکتے ہیں۔

فی الحال ہم UK میں اوورنائٹ (جس میں رات گزارنی پڑے) ٹرپس اور سمندرپار تعلیمی دوروں کا مشورہ نہیں دیتے۔

## غیرنصابی سرگرمیاں

سکول آٹم ٹرم سے بریک فاسٹ (ناشتہ) اور آفٹرسکول (سکول کے بعد والی) سرگرمیاں شروع کرسکتے ہیں۔ سکولوں کو یقینی بنانا ہوگا کہ یہ حفاظتی تدابیر پر وسیع تر گائیڈنس کے مطابق کروائی جاسکتی ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہوگا کہ انہیں چیزیں مختلف طریقے سے چلانی ہوں گی۔

اپنے بچے کے سکول سے یہ معلوم کرنے کے لئے بات کریں کہ آیا وہ بریک فاسٹ اور آفٹرسکول سرگرمیاں منعقد کر رہے ہیں۔

آوٹ آف سکول سیٹنگز (سکول سے باہر والی جگہیں)، جیسا کہ چھٹیوں کے اور آفٹرسکول کلبز، تمام عمر کے بچوں اور ینگ پیپل کے لئے کھولی جا سکتی ہیں۔ تاہم یہ بدستور اہم رہے گا کہ وہ پھیلاوَ کے خطرے کو کم کرنے کے لئے حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔

خطرات کو کم کرنے کے لئے درجہ ذیل پر غور کریں:

- اپنے بچوں کو مستقل طور پر انہی جگہوں میں بھیجنا
- مختلف جگہوں کی تعداد کو محدود کرنا

ان اداروں سے جو کہ وہ سرگرمیاں منعقد کرتے ہیں پوچھیں کہ وہ خطرات کم کرنے کے لئے کیا مختلف کر رہے ہیں۔

ان آوَٹ آف سکول کلبز اور سرگرمیوں کے استعمال پر والدین کے لئے مشورہ موجود ہے۔

## مقامی وباء

نرسریز، چائلڈمائنڈرز، سکولز او کالجز اپنی مقامی پروٹیکشن ٹیم سے رابطہ کریں گے اگر:

- ان کے ادارے میں 14 دنوں کے اندر کرونا وائرس (COVID-19) کی 2 یا زیادہ مصدقہ کیسز سامنے آئیں
- وہ کرونا وائرس (COVID-19) کی مشتبہ یا مصدقہ کیسز کی وجہ سے بچوں اور عملے کی غیرحاضریوں کی تعداد میں اضافہ دیکھیں

لوکل ہیلتھ پروٹیکشن ٹیم ان کو مشورہ دے گی کہ کونسا ایکشن لینا ہے۔ عام طور پر، سکول بند کرنا ضروری نہیں ہوگا، بلکہ کچھ گروپوں کو سیلف آئسولیٹ ہونے کی ضرورت ہو۔

اگر کسی سکول یا کالج میں پھیلاوَ کی تصدیق ہوجائے، تو وہاں موبائل ٹیسٹ کرنے والا یونٹ بھیجا جاسکتا ہے۔ وہ ان تمام لوگوں کا ٹیسٹ کریں گے جو اس شخص سے ممکنہ رابطے میں آئے ہوں جس کا نتیجہ مثبت آیا ہے۔ ٹیسٹنگ میں پہلے اس شخص کی کلاس پر توجہ دی جائے گی، پھر ان کے ائیر گروپ کو، اور پھر پورے سکول اور کالج کو، اگر ضروری ہوا۔

اگر آپ کے مقامی علاقے میں انفیکشن کی شرح بڑھ جائے جس کی وجہ سے مقامی سطح پر کمیونٹی میں پھیلاؤ ہو جائے تو حکومت فیصلہ کرے گی کہ کیا اقدامات کرنے ہیں۔ ان لوکل ایریاز میں جہاں دوسرے سیکٹروں میں پابندیاں لاگو ہیں، ہم توقع کرتے ہیں کہ تعلیم اور چائلڈ کیئر عموماً سب کے لئے مکمل طور پر کھلے رہیں گے۔

آپ کے سکول یا کالج کو ریموٹ ایجوکیشن (دور سے تعلیم) مہیا کرنی چاہیئے اگر:

- طلباء کے گروپس کو سیل آئسولیٹ ہونا پڑے (یعنی خودساختہ تنہائی اختیار کرنی پڑے)
- سکول یا کالج میں حاضری پر بڑی پابندی کی ضرورت ہو